**15.03.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. شگفتہ یاسمین

**Music**

☆ انتخابی کمیشن کل 2024 کے عام انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرے گا۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی بی جے پی کی انتخابی مہم کے حصے کے طور پر تمل ناڈو میں ریلیوں کا انعقاد کریں گے۔

☆ وزیرخزانہ نرملاسیتارمن نے سماج کی سب سے نچلی سطح تک پہنچنے کے مقصد سے سبھی طرح کی اصلاحات کے لیے، مرکز، ریاستوں اور مقامی اداروں کے مابین مزید تال میل کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ برطانیہ کی حکومت نے، بنیاد پرستی کے نظریات سے نمٹنے کے لیے، انتہاپسندی کی، نئے سرے سے تعریف بیان کی ہے۔

☆ بیڈمن میں، آل انگلینڈ اوپن چمپئن شپ کے مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں آج رات لکشیہ سین کا مقابلہ، ملیشیا کے Lee Zii Jia سے ہوگا۔

☆ اور WPL کرکٹ میں...... آج شام دلی میں رائل چیلنجرس بنگلور کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**ECI Loksabha**

چناؤ کمیشن لوک سبھا انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کل کرے گا۔ یہ اعلان کل دوپہر نئی دلی کے وگیان بھون میں کیا جائے گا۔ کمیشن لوک سبھا انتخابات سمیت کچھ ریاستوں میں اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا بھی اعلان کرے گی۔ موجودہ لوک سبھا کی مدت کار اس سال سولہ جون کو ختم ہورہی ہے۔سال 2019 میں لوک سبھا انتخابات کی تاریخوں کا اعلان دس مارچ کو کیا گیا تھا اورانتخابات اپریل اور مئی میں سات مرحلوں میں ہوئے تھے۔ ایسی توقع ہے کہ اس بار بھی انتخابات اپریل اور مئی میں ہوں گے اور سات مرحلوں میں مکمل ہوں گے۔

**PM**

سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ ملک میں برسراقتدار بی جے پی کے لیے حمایت کی ایک لہر چل پڑی ہے جس کا آغاز تمل ناڈو سے ہوا ہے۔
کنیاکماری میں اگستیس وَرم میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اُس یاترا کا ذکر کیا جس کی قیادت انہوں نے 1991 میں کنیاکماری سے کشمیر تک کی تھی۔ جناب مودی نے کہا کہ لوگ ملک کو ترقی دینے میں یقین رکھتے تھے لیکن اپوزیشن تقسیم کرنے کی پالیسیوں اور بدعنوانی پر ٹکی ہوئی تھی۔ مختلف گھوٹالوں کا ذکر کرتے ہوئے جن کی وجہ سے ملک کی ترقی میں رکاوٹ آئی، انہوں نے کہا کہ آئی این ڈی آئی اے نے کبھی لوگوں کی بہبود کا خیال نہیں کیا۔
وزیراعظم نے کہا کہ بی جے پی حکومت نے 130 کروڑ روپے کے مالیت کے پروجیکٹوں میں بنیادی ڈھانچے کے فروغ کی اسکیموں پر عمل درآمد کیا۔ وزیراعظم تریویندرم پہنچ گئے ہیں اور وہ ہیلی کاپٹر کے ذریعہ کنیاکماری پہنچے ہیں۔

**Telangana PM Visit**

وزیراعظم نریندر مودی آج دیر شام Malkajgiri حلقے میں ایک روڈ شو کریں گے۔ یہ روڈ شو حیدرآباد کے قریب تقریباً پانچ کلو میٹر کے فاصلے پر Mirjalguda سے Malkajgiri چورستہ تک منعقد کیا جائے گا جس کے لیے سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ حیدرآباد کے راج بھون میں رات بھر قیام کے بعد وزیراعظم کل صبح نگر کُرنول پہنچیں گے اور وہاں SC لوک سبھا حلقے میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ ایک اور تقریب میں جناب مودی آئندہ پیر کو Jagityal میں، ایک اور ریلی سے خطاب کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ پچھلے دس دن میں وزیراعظم کا تلنگانہ ریاست کا یہ دوسرا دورہ ہے۔

**Andhra Pradesh PM Visit**

وزیراعظم آندھراپردیش میں Chilakaluripeta میں ایک سیاسی جلسے میں شرکت کریں گے۔ وزیراعظم نریندر مودی اِس ماہ کی 17 تاریخ کو آندھراپردیش کا دورہ کریں گے اور وہاں Palnadu ضلع میں چلاکلوری پیٹ میں ایک سیاسی جلسے میں شرکت کریں گے۔ وہ آندھراپردیش میں آئندہ عام اور ریاستی اسمبلی کے انتخابات کی تیاریوں کے لیے، NDA کے تحت ''بھارتیہ جنتا پارٹی-تیلگودیسم پارٹی-جن سینا پارٹی'' کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ تیلگودیسم پارٹی نے حال ہی میں پانچ سال کے وقفے کے بعد NDA میں شمولیت اختیار کی ہے۔

**Sitharaman Economy**

وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے آج خاص طور پر کہا ہے کہ غیرملکی راست سرمایہ کاری کی آمد، اِس وقت اپنے عروج پر ہے اور امید ہے کہ اِس میں، مستقبل میں اور بھی اضافہ ہوگا۔

ایک پرائیوٹ نیوز چینل کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ سیتارمن نے اُن شعبوں میں اصلاحات کے بارے میں، مرکز، ریاست اور مقامی اداروں کے مابین مزید تال میل کی ضرورت پر زور دیا جن کی کارکردگی میں کافی کمی پائی جاتی ہے۔

الیکٹورل بانڈ EB اسکیم کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے محترمہ سیتارمن نے کہا کہ اعدادوشمار جاری ہونے کے بعد بہت سی قیاس آرائیاں کی گئی ہیں۔

EB اسکیم کے پوری طرح خامیوں سے مبرا نہ ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے انہوں نے زور دے کر کہا کہ یہ سیاسی فنڈنگ کے، پہلے والے نظام سے کچھ بہتر ہے۔ انہوں نے اِس سلسلے میں یقین دلایا کہ جائز رقوم منتقل کردی جائیں گی۔

سپریم کورٹ کی رائے زنی کا احترام کرتے ہوئے محترمہ سیتارمن نے کہا کہ اِس سے سیکھنے اور جب کبھی اِس سلسلے میں قانون نافذ ہوتا ہے تو اُس پر عمل درآمد میں شفافیت کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔

## Hyderabad Prez Visit

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج شام حیدرآباد میں عالمی ادھیاتمک مہوتسو میں شرکت کریں گی۔ یہ ادھیاتمک مہوتسو حیدرآباد کے مضافات میں واقع کانہا شانتی ونم میں کل شروع ہوا تھا۔ اس میں سبھی عقائد اور مذاہب کے روحانی رہنما، دنیا کے سب سے بڑے میڈی ٹیشن سینٹر میں جمع ہوں گے۔ ثقافت کی وزارت سری رام چندرمشن اور دیگر کے ساتھ اشتراک میں اس تقریب کا انعقاد کررہی ہے۔

ثقافت کے محکمے کے وزیر جی کشن ریڈی نے اس سے قبل کہا تھا کہ یہ کانفرنس سبھی طبقات، ذات اور مذاہب کے درمیان یکجہتی کے ساتھ ملک کے وسودھیو کٹمبکم نظریے کا تسلسل ہے۔

## UK

برطانیہ کی حکومت نے، انتہاپسندی کی نئے سرے سے تعریف بیان کی ہے جس کے تحت کچھ خاص گروپوں کو سرکار کی طرف سے فنڈ دیئے جانے اور ان کی میٹنگوں پر روک لگائی جائے گی۔

برطانیہ میں انتہاپسندی کی اِس طرح تعریف بیان کی گئی ہے کہ یہ تشدد، نفرت یا عدم برداشت پر مبنی کسی نظریے کو فروغ دینا یا آگے بڑھانا ہے جس کا مقصد دوسروں کے بنیادی حقوق اور آزادی کی نفی کرنا یا تباہ کرنا ہو یا اِن حقوق اور آزادیوں کو نقصان پہنچانا، اُن کے برعکس کام کرنا یا نرم رو پارلیمانی جمہوریت اور جمہوری حقوق کے برطانوی نظام کی جگہ لینا ہو۔

اِس ماہ کے شروع میں وزیراعظم رشی سُنک نے کہا کہ اسلام پسند اور انتہائی درجے کے دائیں بازو کے انتہاپسند، برطانیہ کی جمہوریت کو نقصان پہنچانا چاہتے تھے۔

## Electional Commissioners Charge

نئے مقرر کئے گئے انتخابی کمشنروں گیانیش کمار اور سُکھبیر سنگھ سَندھو نے آج اپنے عہدے کی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ بھارت کے انتخابی کمیشن ECI نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے، نِرواچن سدن میں اِن نئے مقرر کیے گئے انتخابی کمشنروں کا خیرمقدم کیا۔ یہ تقرر انتخابی کمیشن کی زبردست مصروفیتیں شروع ہونے سے محض دو ہفتے پہلے کیا گیا ہے۔
بیان میں کہا گیا ہے کہ اعلیٰ انتخابی کمشنر نے ایسے تاریخی وقت پر اِن کمشنروں کے تقرر کی اہمیت کو اُجاگر کیا ہے جب ECI کی ٹیم دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت میں 2024 کے لوک سبھا انتخابات کرانے کے لیے تیار ہے۔
جناب کمار اور سَندھو کو کل وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت والی انتخابی کمیٹی نے، انتخابی کمشنرز منتخب کیا تھا۔

## Petrol Diesel

تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے پورے ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمت دو روپے فی لیٹر کم کردی ہے۔ نئی قیمتوں کا اطلاق آج صبح چھ بجے سے ہو گیا ہے۔
پٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کی وزارت نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں کم کرنے سے صارفین کی قوت خرید کو تقویت ملے گی۔
اِس طرح دلی میں اب ایک لیٹر پٹرول کی قیمت 94 روپے 72 پیسے ہوگی جبکہ ممبئی میں 104 روپے 21 پیسے ، کولکاتہ میں 103 روپے 94 پیسے اور چنئی میں سو روپے 75 پیسے ہوگی۔
اِسی طرح دلی میں اب ایک لیٹر ڈیزل 87 روپے 62 پیسے کا ملے گا جبکہ ممبئی میں 92 روپے 15 پیسے ، کولکاتہ میں 90 روپے 76 پیسے اور چنئی میں اِس کی قیمت اب 92 روپے 34 پیسے ہوگی۔
اِدھر پٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کے وزیر ہردیپ سنگھ پُری نے کہا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمت دو روپے فی لیٹر کم کرکے وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک بار پھر یہ ثابت کردیا ہے کہ کروڑوں ہموطنوں کی بہبود اور سہولت ہمیشہ اُن کی ترجیح رہی ہے۔

## Badminton

بیڈمنٹن میں آل انگلینڈ اوپن چمپئن شپ میں مردوں کے سنگلز کے کوارٹرفائنل میں بھارت کے لکشیہ سین کا مقابلہ برمنگھم میں ملیشیا کے Lee Zii Jia سے ہوگا۔
دولت مشترکہ کھیلوں میں سونے کا تمغہ جیتنے والے لکشیہ سین نے ڈنمارک کے Anders Antonsen کو پری کوارٹرفائنل کے ایک سخت مقابلے میں چوبیس بائیس، گیارہ اکیس اور اکیس چودہ سے ہرایا۔
البتہ دو مرتبہ اولمپک میڈل جیتنے والی پی وی سندھو کل پری کوارٹرفائنل میں جنوبی کوریا کی عالمی نمبر ایک کھلاڑی An Se Young سے انیس اکیس، گیارہ اکیس سے ہارنے کے بعد ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئی ہیں۔
مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں چراغ شیٹی اور ساتوک سائراج رنکی ریڈی کہ بھارتی جوڑی انڈونیشیا کی جوڑی B

Maulana اور MS Fikri سے سولہ ایکس، پندرہ ایکس سے ہار گئی۔
کل شام خواتین کے ڈبلز کے پری کوارٹرفائنل میں اشونی پونپا اور تنیشا کراسٹو، چین کی جوڑی سے ایکس گیارہ، گیارہ ایکس، گیارہ ایکس سے ہارگئیں۔

**WPL RCB VS ME**

کرکٹ میں خواتین پریمیئر لیگ 2024 میں آج رائل چیلنجرس بنگلور کا مقابلہ ممبئی انڈینز سے ہوگا۔
یہ Eleminator میچ آج دہلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات شروع ہوگا۔ اس میچ میں جیتنے والی ٹیم کا مقابلہ آئندہ اتوار کو ہونے والے فائنل میچ میں دہلی کیپٹلز سے ہوگا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان آخری میچ 12 مارچ کو ہوا تھا، جس میں رائل چیلنجرس بنگلور نے ممبئی انڈینز کو سات وکٹ سے ہرایا تھا۔ بنگلور کی کھلاڑی Ellyse Perry کو ان کی شاندار کارکردگی کے لئے پلیئر آف دی میچ کے خطاب سے نوازا گیا تھا۔

**Ban Ferocious Dogs**

مرکزی حکومت نے خطرناک کتوں کی فروخت اور Breeding پر پابندی عائد کرنے کی تجویز رکھی ہے۔ افزائش نسل کی وزارت نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ کتوں کی 23 نسلوں کی فروخت، Breeding یا انہیں پالنے پر پابندی کو یقینی بنائیں‘ جو انسانی زندگی کے لیے خطرہ ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مویشیوں کی افزائش نسل اور ڈیری کے محکمے نے کہا کہ لوگوں کی حفاظت کے بارے میں تشویش کی وجہ سے حکومت نے، خطرناک سمجھے جانے والے بہت سے کتوں پر پابندی عائد کرنے پر غوروخوض کیا ہے۔ اُس نے بتایا کہ Pitbulls، Rottweilers اور امریکی Bulldogs پر نظر رکھی جارہی ہے۔

**Shah Petrol & Diesel**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں کم کرنے کی سرکار کی کوششوں کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ سرکار کی کوششوں کی بدولت پچھلے ڈھائی سال میں پٹرول کی قیمت تقریباً 15 روپے جبکہ ڈیزل کی قیمت 17 روپے فی لیٹر کم ہوئی ہے۔ انہوں نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں کم کرنے کے فیصلے کیلئے وزیر اعظم کے تئیں تشکر کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆